بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# تعلیمات قرآن

(حصہ 5)

(سوال وجواب)

(سورۃ النجم تا سورۃ المرسلات)

استاذ محترم

مولانا حسن رضا عطاری مدنی دامت برکاتہم العالیہ

مرتب

محمد طلحہ بن نیاز عطاری

جامعۃ المدینہ فیضان کنزالایمان بابری چوک گرومندر کراچی

## ســــوال / جـــواب

سوال نمبر: 1 اللہ پاک کی قدرت اور اس کی شان میں سے کوئی تین باتیں بیان کیجئے؟

جواب نمبر: 1 (1) زمین و آسمان کے درمیان جو کچھ ہے اللہ تعالی نے پیدا کیا ہے (2) اللہ تعالی نے انسان کو نطفہ سے بنایا (3) اللہ پاک وسیع مغفرت والا ہے.

سوال نمبر 2 سورہ نجم میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت کا کون سا واقعہ بیان ہوا ہے؟

جواب نمبر: 2 سورہ نجم کی ابتداء میں واقعہ معراج بیان ہوا ہے.

سوال نمبر: 3 سورہ نجم میں کس قوم کو دوسری قوموں سے زیادہ ظالم اور سرکش کہا گیا ہے؟

جواب نمبر 3 سورہ نجم میں قوم نوح کو دوسری قوموں سے زیادہ ظالم اور سرکش کہا گیا ہے.

# ســـــوال / جـــواب

سوال نمبر:1 قمر کا معنٰی کیا ہے اور اس سورت کو سورہ قمر کیوں کہتے ہیں؟

جواب نمبر:1 عربی میں چاند کو قمر کہتے ہیں اور اس سورت کی پہلی آیت میں چاند کے پھٹ جانے کا ذکر ہے اس مناسبت سے اس سورت کو سورہ قمر کہتے ہیں۔

سوال نمبر 2 قرآن کریم نے گزشتہ قوموں کی ہلاکت کے واقعات کیوں بیان کئے ہیں؟

جواب نمبر:2 قرآن کریم نے گزشتہ قوموں کے واقعات اس لئے بیان کیے ہیں تاکہ عبرت حاصل کرنے والے اس سے عبرت حاصل کریں، نصیحت حاصل کرنے والے اس سے نصیحت حاصل کریں اور عقل والوں کے لئے یہ واقعات نشانی بن جائیں۔

سوال نمبر:3 اللہ پاک کا حکم کتنی جلدی واقع ہوتا ہے اس کی کیا مثال ہے؟

جواب نمبر 3 اللہ پاک کا حکم پلک جھپکنے سے پہلے پورا ہو جاتا ہے. مثال: اللہ تعالیٰ نے ایک لمحہ میں نافرمانی کرنے والوں کی بستیوں کو ہلاک کر دیا۔

# ســـوال / جـــواب

سوال نمبر: 1 سورہ رحمٰن میں آیت فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰن کتنی مرتبہ آئی ہے اور اس کا ترجمہ کیا ہے؟

جواب نمبر: 1 یہ آیت سورہ رحمٰن میں 31 مرتبہ آئی ہے اور اس آیت کا ترجمہ یہ ہے "تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے"۔

سوال نمبر 2 سورہ رحمٰن کی آیت نمبر 9 میں کس چیز کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب نمبر: 2 سورہ رحمٰن کی آیت نمبر 9 میں یہ حکم دیا گیا ہے "اور انصاف کے ساتھ تول قائم کرو"۔

سوال نمبر: 3 انسانوں اور جنات کو کس چیز سے پیدا کیا گیا؟

جواب نمبر: 3 انسان کو ٹھیکری جیسی بجنے والی مٹی سے پیدا کیا گیا اور جن کو بغیر دھویں والی آگ کے خالص شعلے سے پیدا کیا.

سوال نمبر: 4 قیامت کے دن مجرم کس طرح پہچانے جائیں گے؟

جواب نمبر: 4 قیامت کے دن مجرم اپنے چہروں سے پہچانے جائیں گے۔

# ســوال / جــواب

سوال نمبر:1 اس سورت میں حساب کے وقت لوگوں کی تین قسمیں بیان ہوئی ہیں وہ کون سی ہیں؟

جواب نمبر:1 حساب کے وقت لوگوں کی تین قسمیں بیان کی گئی ہیں (1) دائیں طرف والے (2) بائیں طرف والے (3) سبقت کرنے والے۔

سوال نمبر 2 سیدھی جانب والوں سے کون لوگ مراد ہیں؟

جواب نمبر:2 سیدھی جانب والوں سے جنتی لوگ مراد ہیں.

سوال نمبر:3 سبقت کر جانے والوں کی کیا جزا بیان کی گئی ہے؟

جواب نمبر:3 سبقت کرنے والوں کی یہ جزا بیان کی گئی ہے. کہ یہ لوگ قرب والے ہیں، وہ نعمتوں کے باغوں میں ہیں، جواہرات سے بنے تختوں پر ہونگے، ان کے ارد گرد ہمیشہ رہنے والے لڑکے ہونگے.

سوال نمبر:4 سورہ واقعہ میں الٹی جانب والوں کے لئے کیا عذابات بیان کئے گئے ہیں؟

جواب نمبر:4 الٹی جانب والوں کے لئے یہ عذابات بیان کئے گئے کہ انہیں زقوم نامی کانٹے دار درخت سے کھلایا جائے گا اور پینے کے لئے کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا۔

سوال نمبر:5 سورہ واقعہ میں آیت نمبر 73 میں آگ کے کتنے اور کون سے فائدے بیان کئے گئے ہیں؟

جواب نمبر:5 ہم نے اسے یادگار بنایا اور جنگل میں سفر کرنے والوں کیلئے نفع بنایا۔

## ســــوال / جــواب

سوال نمبر:1 سورہ حدید کی آیت نمبر3 میں اللہ پاک کی کونسی صفات بیان کی گئی ہیں؟

جواب نمبر:1 سورہ حدید میں اللہ پاک کی یہ صفات بیان کی گئی ہیں۔ وہی اوّل اور آخر اور ظاھر اور باطن ہے اور وہ سب کچھ جانتا ہے۔

سوال نمبر 2 سورہ حدید کی آیت نمبر14 میں منافقین کی کتنی اور کون کونسی صفات بیان ہوئی ہیں؟

جواب نمبر:2 سورہ حدید کی آیت نمبر14 میں منافقین کی یہ صفات بیان کی گئی ہیں۔ انہوں نے اپنی جانوں کو فتنوں میں ڈالا اور شک میں پڑے رہے اور ان کی جھوٹی خواہشات نے ان کو دھوکے میں ڈالا اور مسلمان کے نقصان کے منتظر رہے۔

سوال نمبر:3 سورہ حدید میں دنیاوی زندگی کی کیا حقیقت بیان ہوئی ہے؟

جواب نمبر: 3 دنیا کی زندگی صرف کھیل کود ہے اور زینت اور آپس میں فکر و غرور کرنا اور مالوں و اولاد میں ایک دوسرے پر زیادتی چاہنا ہے۔

سوال نمبر:4 لوہے کے فوائد تحریر کیجئے؟

جواب نمبر:4 لوہے سے اسلحہ اور جنگی ساز و سامان بنایا جاتا ہے، لوہا سخت صنعتوں اور دیگر پیشوں میں بہت کام آتا ہے۔

# ســـــوال / جـــواب

سوال نمبر:1 "مجادلہ" کا مطلب بیان کیجئے۔

جواب نمبر:1 بحث و تکرار کرنے والی عورت کو عربی میں مجادلہ کہتے ہیں۔

سوال نمبر 2 بندوں کے اعمال کے بارے میں سورہ مجادلہ میں کیا فرمایا گیا ہے؟

جواب نمبر:2 انسان کا ہر عمل اللہ پاک کے شمار میں ہے اگرچہ انسان بھول جائے.

سوال نمبر:3 ظہار کے مسئلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرنے والی عورت کون تھی؟

جواب نمبر 3 ظہار کے مسئلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرنے والی عورت حضرت خولہ بنت ثعلبہ رضی اللہ تعالی عنہا تھیں۔

سوال نمبر:4 جھوٹی قسموں کو اپنی ڈھال بنانے والوں کا کیا انجام ہو گا؟

جواب نمبر:4 جان و مال بچانے کے لئے جھوٹی قسموں کو اپنی ڈھال بنانے والے منافقین رسوا کر دینے والے عذاب میں گرفتار ہوں گے۔

# سُــــورۃُ الْــحَشْر



## ســــوال / جــواب

سوال نمبر: 1 بنو نضیر کے یہودیوں کو جلاوطن کیوں کیا گیا؟

جواب نمبر: 1 بنو نضیر کے یہودیوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کئے ہوئے معاہدے کی خلاف ورزی کی اور آپ کو شہید کرنے کی شازش کی تو اس کی وجہ سے انہیں مدینہ منورہ سے جلا وطن کر دیا گیا

سوال نمبر 2 کیا جنتی اور جہنمی برابر ہیں؟

جواب نمبر: 2 جنتی اور جہنمی برابر نہیں ہیں جنتی لوگ کامیاب ہیں۔

سوال نمبر: 3 سورہ حشر کی آیت 21 میں قرآن پاک کی عظمت کے بارے میں کیا فرمایا گیا ہے؟

جواب نمبر 3 سورہ حشر کی آیت 21 میں قرآن پاک کی عظمت کے بارے میں یہ فرمایا گیا ہے کہ " اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر اتارتے تو ضرور تم اسے جھکا ہوا، اللہ کے خوف سے پاش پاش دیکھتے اور ہم یہ مثالیں لوگوں کے لئے بیان فرماتے ہیں تا کہ وہ سوچیں"۔

سوال نمبر: 4 سورہ حشر کی آخری تین آیات پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب نمبر: 4 حضرت مَعْقِلُ بن یَسَار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "جس نے صبح کے وقت تین مرتبہ "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ" کہا اور سورہ حشر کی آخری تین آیات کی تلاوت کی تو اللہ پاک 70 ہزار فرشتے مقرر کر دیتا ہے جو شام تک اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں اور اگر اسی دن انتقال کر جائے تو شہید کی موت مرے گا اور جو شام کے وقت اسے پڑھے تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

# سـوال / جـواب

سوال نمبر: 1 **سورہ مُمْتَحِنَہ** کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

جواب نمبر: 1 اس سورت کے مرکزی مضمون میں "مسلمانوں سے معاہدہ کرنے والے اور جنگ نہ کرنے والے مشرکین کے احکام" بیان کئے گئے ہیں

سوال نمبر 2 مسلمانوں کو کافروں کے ساتھ دوستی کرنے اور محبت رکھنے سے کیوں منع کیا گیا ہے؟

جواب نمبر: 2 مسلمانوں کو کافروں کے ساتھ دوستی کرنے اور ان سے محبت رکھنے سے منع کیا گیا اور بتایا گیا کہ کفار کو جب بھی موقع ملے گا تو تمہیں نقصان پہنچانے میں کوئی کمی نہیں چھوڑیں گے۔

سوال نمبر: 3 کیا کافر قیامت کے دن کسی کے کام آئیں گے؟

جواب نمبر 3 قیامت کے دن کافر اولاد اور کافر رشتے دار کوئی فائدہ نہیں دینگے اور مسلمان اللہ کے حکم سے ضرور کام آئیں گے۔

سوال نمبر: 4 دین کے معاملے میں رشتے داروں کے ساتھ مسلمانوں کو کن کے طریقے کی پیروی کرنے کا کہا گیا ہے؟

جواب نمبر: 4 دین کے معاملے میں رشتے داروں کے ساتھ مسلمانوں کو حضرت ابرہیم علیہ السلام کے طریقے کی پیروی کرنے کا کہا گیا ہے۔

## ســـوال / جـــواب

سوال نمبر:1 حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت ان کی ماں کی طرف کی گئی باپ کی طرف کیوں نہیں؟

جواب نمبر:1 حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ پیدا ہوئے ہیں اور یہ قدرتِ الٰہی کی عظیم نشانی ہے۔

سوال نمبر 2 "کفار و مشرکین اللہ پاک کے نور کو بجھانا چاہتے ہیں" اس سے کیا مراد ہے؟

جواب نمبر:2 کفار و مشرکین یہ چاہتے ہیں کہ وہ قرآن کو جادو بتا کر اسلام کو مٹا دیں۔

سوال نمبر:3 حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس قوم کے نبی تھے؟

جواب نمبر 3 حضرت عیسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے نبی تھے۔

# سورۃُ الجُمُعَتہ



## سوال / جواب

سوال نمبر:1 سورہ جمعہ کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

جواب نمبر:1 اس سورت کا مرکزی مضمون "نمازِ جمعہ کا حکم" ہے.

سوال نمبر 2 کیا صرف انسان ہی اللہ پاک کا ذکر کرتے ہیں؟

جواب نمبر:2 جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں۔

سوال نمبر:3 سورہ جمعہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کون سے اوصاف بیان ہوئے ہیں؟

جواب نمبر 3 رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجنے کا ایک مقصد لوگوں کو برائیوں سے پاک کرنا اور علم و حکمت سکھانا ہے.

سوال نمبر:4 جمعہ کے دن پہلی اذان ہونے کے بعد خرید و فروخت کرنا کیسا؟

جواب نمبر:4 جمعہ کے دن پہلی اذان ہوتے ہی نماز جمعہ کی تیاری واجب ہے۔

## ســـوال / جـــواب

سوال نمبر: 1 سورہ منافقوں کی روشنی میں بتائیے کہ عزت کس کے لئے ہے؟

جواب نمبر: 1 عزت اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں ہی کے لئے ہے مگر منافقوں کو معلوم نہیں۔

سوال نمبر 2 سورہ منافقوں میں مال اور اولاد کے متعلق ایمان والوں کو کیا نصیحت کی گئی ہے؟

جواب نمبر: 2 اے ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کے ذکر سے غافل نہ کر دیں۔

سوال نمبر: 3 اگر موت کا وقت آجائے تو کیا اسے ٹالا جا سکتا ہے؟

جواب نمبر 3 اور ہر گز اللہ کسی جان کو مہلت نہ دے گا جب اس کا مقررہ وقت آجائے.

# سورۃُ التَّغَابُن



## سوال / جواب

سوال نمبر: 1 سورہ تغابن کی پہلی آیت میں اللہ پاک کی کیا شان بیان ہوئی ہے؟

جواب نمبر: 1 جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں سب اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کیلئے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔

سوال نمبر 2 تمام مخلوق میں سب سے اچھی صورت کس کی بنائی گئی ہے؟

جواب نمبر: 2 اللہ پاک نے انسان کو اچھی صورت پر پیدا فرمایا۔

سوال نمبر: 3 کیا مال اور اولاد بھی آخرت کی بربادی کا سبب بنتے ہیں؟

جواب نمبر 3 جی ہاں! مال اور اولاد فتنہ ہے آزمائش ہے اور آخرت کی بربادی کا سبب ہے۔

# سورۃُ الطَّلَاق



## سوال / جواب

سوال نمبر: 1 ''رجوع'' سے کیا مراد ہے؟

جواب نمبر: 1 رجوع سے مراد اگر مرد نے ایک یا دو طلاقیں دی ہیں تو عدت پوری ہونے سے پہلے پہلے بھلائی کے ساتھ عورت سے رجوع کرلے۔

سوال نمبر 2 حاملہ عورت کی عدت کیا بیان ہوئی ہے؟

جواب نمبر: 2 حاملہ عورت کی عدت بچہ پیدا ہونے تک ہے۔

سوال نمبر: 3 سورہ طلاق میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا شان بیان ہوئی ہے؟

جواب نمبر 3 سورہ طلاق میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ شان بیان ہوئی ہے کہ وہ لوگوں پر اللہ کی روشن آیتیں پڑھتے ہیں تاکہ انہیں اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے جائیں۔

## ســــوال / جــواب

سوال نمبر 1 **تَوْبَۃُ النَّصُوْح** کسے کہتے ہیں؟

جواب نمبر: 1 **تَوْبَۃُ النَّصُوْح** سے مراد ایسی توبہ جس کے بعد گناہ کی طرف پلٹنا نہ ہو۔

سوال نمبر 2 کیا اللہ پاک کے علاوہ بھی کوئی کسی کی مدد کر سکتا ہے؟

جواب نمبر 2 جی ہاں! اللہ پاک کی اجازت سے اس کے نیک بندے بھی مدد کر سکتے ہیں۔

سوال نمبر: 3 سورہ تحریم کی آیت نمبر 6 میں ایمان والوں کو کیا حکم دیا گیا ہے؟

جواب نمبر: 3 سورہ تحریم کی آیت نمبر 6 میں ایمان والوں کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ اے ایمان والو! اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔

## سوال / جواب

سوال نمبر 1 آیت نمبر 2 میں عمل کے احسن ہونے سے کیا مراد ہے؟

جواب نمبر 1 احسن عمل ہونے سے مراد انسان کو پیدا کرنے کا مقصد آزمائش ہے کہ کون زیادہ اچھے عمل کرتا ہے۔

سوال نمبر 2 سورہ ملک کی روشنی میں ستاروں کے فوائد تحریر کیجئے؟

جواب نمبر 2 ستارے آسمان کے لئے چراغوں کی طرح ہیں اور ان ستاروں سے شیطان اور شیاطین کو مارا جاتا ہے۔

سوال نمبر 3 پرندوں کو اڑنے کی طاقت کس نے عطا کی؟ آیت 19 کی روشنی میں بتائیے؟

جواب نمبر 3 پرندوں کو پر پھیلانے اور سمیٹنے کی طاقت اللہ پاک نے دی ہے۔

## سوال / جواب

سوال نمبر 1 مداہنت کیا ہے؟

جواب نمبر1 دنیا کی خاطر دین کے احکام میں خلافِ شرعہ نرمی برتنا مداہنت ہے ۔

سوال نمبر 2 "**حَلَّاف**"کسے کہتے ہیں اور بہت زیادہ قسمیں کھانا کس کی صفت ہے ؟

جواب نمبر 2 بہت زیادہ قسمیں کھانے والے"**حَلَّاف**"کہلاتے ہیں اور بہت زیادہ قسمیں کھانا کافر کی صفت ہے۔

سوال نمبر:3 سورہ قلم کی آیت نمبر12 میں کافر کے کتنے اور کون کون سے عیب بیان ہوئے ہیں؟

جواب نمبر:3 سورہ قلم کی آیت نمبر12 میں کافر کے 5 عیب بیان کئے گئے ہیں۔1. بھلائی سے بڑا روکنے والا2. حد سے بڑھنے والا3. بڑا گناہگار4. سخت مزاج 5. اس کے بعد ناجائز پیداوار ہے۔

# سُوْرَۃُ الْقَلَمْ



سوال : کیا کافر اور مسلمان برابر ہیں؟

جواب: کافروں کا یہ دعویٰ ہے کہ مسلمان اور کافر ایک جیسے ہیں یہ غلط ہیں کیونکہ ان کے پاس کوئی دلیل نہیں۔

سوال: نافرمانیوں کے باوجود دنیاوی نعمتیں ملنا کیسا؟

جواب: یہ اللہ تعالی کی طرف سے ڈھیل اور مہلت کی نشانی ہے۔

## سـوال / جـواب

سوال نمبر 1 اس سورت کا نام "حاقہ" کیوں رکھا گیا؟

جواب نمبر 1 حاقہ قیامت کے ناموں میں سے ایک نام ہے. چونکہ اس سورت کو اسی نام کے سوال کے ساتھ شروع کیا گیا ہے اس لئے اسے "سورہ حاقہ" کہتے ہیں

سوال نمبر 2 سورہ حاقہ میں کن دو قوموں کا ذکر ہے ہے اور وہ کس طرح ہلاک ہوئیں؟

جواب نمبر 2 سورہ حاقہ میں قومِ عاد اور قومِ ثمود کا ذکر ہے. اور قومِ عاد کو آندھی سے ہلاک کیا گیا اور قومِ ثمود کو سخت چنگھاڑ سے ہلاک کیا گیا۔

سوال نمبر 3 قومِ عاد پر کس طرح عذاب آیا تھا؟

جواب نمبر 3 قومِ عاد پر سخت آندھی کا عذاب آیا اور یہ عذاب 7 راتیں اور 8 دن مسلط رہا. اگر تم انہیں دیکھتے تو یوں پاتے کے کھجوروں کہ گرے ہوئے سوکھے تنے ہیں۔

سوال نمبر 4 قیامت کے دن عرشِ الٰہی کو کتنے فرشتے اٹھائے ہوئے ہونگے؟

جواب نمبر 4 قیامت کے دن عرشِ الٰہی کو 8 فرشتے اٹھائے ہوئے ہونگیں۔

سوال نمبر 5 کیا قیامت کے دن مال و دولت کام آئے گا؟

جواب نمبر 5 جی نہیں! قیامت کے دن مال و دولت کام نہیں آئے گا۔

# سورۃ المعارج



## سوال / جواب

سوال نمبز 1 کیا مومن اور کافر دونوں کو قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا لگے گا؟

جواب نمبز 1 کافروں کو قیامت کا دن اس کی سختی کی وجہ سے ایک ہزار یا پچاس ہزار سال کے برابر لگے گا اور مومن کو فرض نماز جتنا لگے گا۔

سوال نمبز 2 کیا کوئی کافر کچھ دے کر عذاب سے بچ سکے گا؟

جواب نمبز 2 جی نہیں! کافر کو قیامت کے دن کسی صورت بھی عذاب سے نجات نہیں ملے گی۔

سوال نمبز 3 سورہ معارج میں کتنے اعلیٰ اوصاف کا ذکر آیا ہے؟

جواب نمبر 3: سورہ معارج میں مسلمانوں کو مشرکین سے ممتاز کرنے والے آٹھ اوصاف بیان کئے گئے ہیں۔

# سورۃ نُوح



## سوال / جواب

سوال نمبر 1 حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَام نے اپنی قوم کو کس چیز سے ڈرایا اور کیا حکم دیا؟

جواب نمبر:1 حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَام نے اپنی قوم کو اللہ کی نافرمانی کرنے پر اس کے غضب اور عذاب سے ڈرایا اور بت پرستی چھوڑنے اور صرف اللہ کی عبادت کرنے کا حکم دیا۔

سوال نمبر 2 حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَام نے اپنی قوم کو کس انداز میں تبلیغ فرمائی؟

جواب نمبر: 2 حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَام نے اپنی قوم کو بلند آواز، اعلانیہ اور خوفیہ بھی تبلیغ فرمائی۔

سوال نمبر:3 حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَام نے ایمان والوں اور کافروں کیلیئے کیا دعا فرمائی؟

جواب نمبر:3 حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَام نے ایمان والوں اور کافروں کے لئے یہ دعا فرمائی. اے میرے رب! مجھے اور میرے ماں باپ کو اور میرے گھر میں حالتِ ایمان میں داخل ہونے والے کو اور سب مسلمان مردوں اور سب مسلمان عورتوں کو بخش دے اور کافروں کی تباہی میں اضافہ کردے۔

# سوال / جواب

سوال نمبر 1 نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے جنات آسمانِ دنیا پر کس لئے جاتے تھے؟
جواب نمبر:1 جنات فرشتوں کی باتیں چوری چھپے سننے کے لیے آسمانوں کی طرف جاتے تھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کے بعد آسمانوں پر پہرے بٹھا دیئے گئے۔

سوال نمبر 2 کیاانسان کی طرح جنات میں بھی مختلف گروہ ہوتے ہیں؟
جواب نمبر 2 جی ہاں! انسان کی طرح جنات میں بھی متعدد فرقے ہیں. مسلمان، کافر، نیک اور بد ہر طرح کے جنات ہیں۔

سوال نمبر:3 کیاکافر جن بھی جہنم میں جائیں گے؟
جواب نمبر:3 جی ہاں کافر جن بھی جہنم میں جائیں گے۔

سوال نمبر:4 اللہ ور سول کا حکم نہ ماننے والے کی کیا سزا بیان کی گئی ہے؟ سورہ جن کی روشنی میں بتایئے۔
جواب نمبر:4 اللہ ور سول کا حکم نہ ماننے والے کے لئے جہنم کی آگ ہے۔

سوال نمبر:5 کیااللہ پاک اپنے رسولوں عَلَیۡہِمُ السَّلَام کو علمِ غیب عطا فرماتا ہے؟
جواب نمبر:5 اللہ پاک اپنے پسندیدہ رسولوں عَلَیۡہِمُ السَّلَام کو علمِ غیب عطا فرماتا ہے۔

# سورۃ المُزَّمِّل



## سوال / جواب

سوال نمبر 1 "مزمل" کا معنٰی کیا ہے؟

جواب نمبر: 1 مزمل کا معنٰی ہے. چادر اوڑھنے والا۔

سوال نمبر 2 ترتیل کے ساتھ تلاوتِ قرآن سے کیا مراد ہے؟

جواب نمبر 2 ٹھر ٹھر کر تلاوتِ قرآن کرنا ترتیل کہلاتا ہے۔

سوال نمبر: 3 سورہ مزمل میں رات کے قیام کے ساتھ ساتھ مزید کن نیکیوں کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب نمبر: 3 سورہ مزمل میں رات کے قیام کے ساتھ ساتھ خوب ٹھر ٹھر کر قرآن مجید کی تلاوت کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

# سـوال / جـواب

سوال نمبر 1 "مدثر" کا معنٰی بیان کیجیے۔

جواب نمبر 1 مدثر کا معنٰی ہے چادر اوڑھنے والا۔

سوال نمبر 2 جہنم پر کتنے فرشتے مقرر کیے گئے ہیں؟

جواب نمبر 2 جہنم پر 19 فرشتے مقرر کیے گئے ہیں۔

سوال نمبر 3 سورہ مدثر کی آیت 28 اور 29 میں جہنم کی کون سی صفات بیان ہوئی ہیں؟

جواب نمبر 3 سورہ مدثر کی آیت 28 اور 29 میں جہنم کی یہ صفات ہوئی ہیں کہ۔ نہ باقی رہنے دے گی اور نہ چھوڑے گی اور آدمی کی کھال جلا دینے والی ہے۔

سوال نمبر 4 نصیحت سے منہ موڑنے والے کفار کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

جواب نمبر 4 نصیحت سے منہ موڑنے والے کفار کو بھڑکے ہوئے گدھے جو شیر سے بھاگے ہوں. سے تشبیہ دی گئی ہے

سوال نمبر 5 کافروں کو کیا چیز جہنم میں لے گئی؟

جواب نمبر 5 کافروں کو جہنم میں یہ چیزیں لے کر گئی. نمازوں کا ترک کرنا، بیہودہ لوگوں کے ساتھ بیہودہ باتیں کرنا، مسکینوں کو کھانا نہ کھلانا، انصاف کے دن کو جھٹلانا۔

## سوال / جواب

سوال نمبر 1 سورہ قیامہ کی آیت 7تا9 میں قیامت کی کتنی اور کون کون سی علامات بیان کی گئیں ہیں؟

جواب نمبر 1 سورہ قیامہ کی آیت 7تا9 میں قیامت کی تین علامات بیان کی گئی ہیں.1. جس دن آنکھ دہشت زدہ ہو جائے گی 2. اور چاند تاریک ہو جائے گا 3. سورج اور چاند کو ملا دیا جائے گا۔

سوال نمبر 2 کفار قیامت کا انکار کیوں کرتے تھے؟

جواب نمبر 2 کفار دنیا کی زندگی کو پسند کرتے تھے اور ان پر نفسانی خواہشات غالب تھیں اس وجہ سے کفار قیامت کا انکار کرتے تھے۔

سوال نمبر:3 سورہ قیامہ میں موت کی سختی کو کس طرح بیان کیا گیا ہے؟

جواب نمبر:3 موت کی سختی وکرب سے انسان کے پاؤں ایک دوسرے سے مل جائیں گے۔

سوال نمبر 4 بروزِ قیامت مومنین اور کفار و منافقین کے چہرے کیسے ہوں گے؟

جواب نمبر:4 بروزِ قیامت مومنین کے چہرے تروتازہ ہوں گے اور وہ رب تعالیٰ کا دیدار کرتے ہونگے اور کفار و منافقین کے چہرے بگڑے ہوئے ہونگے۔

# ســــوال / جــواب

سوال نمبر 1 مومنوں کیلئے جنت کی نعمتیں ہیں کفار کیلئے کیا ہے؟

جواب نمبر 1 مومنوں کیلئے جنت کی نعمتیں ہیں اور کفار کیلئے طوق اور بھڑکتی آگ تیار کی گئی ہے۔

سوال نمبر 2 اہلِ جنت کو پینے کیلئے کیسا مشروب دیا جائے گا؟
جواب نمبر 2 نیک لوگ جنت میں ایسا جام پئیں گے جس میں کافور ملا ہوا ہو گا اور کافور ایک جنتی چشمہ ہے۔

سوال نمبر 3 آیت 7 تا 10 میں نیک لوگوں کی کونسی صفات بیان ہوئی ہیں؟
جواب نمبر 3: آیت نمبر 7 تا 10 میں نیک لوگوں کی یہ صفات بیان ہوئی ہیں۔ اپنی منتیں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی پھیلی ہوئی ہو گی اور وہ اللہ کی محبت میں مسکین اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں۔ اور لوگوں سے شکریہ کا مطالبہ نہیں کرتے اور قیامت کے دن سے ڈرتے ہیں۔

سوال نمبر 4 کیا جنت میں گرمی اور سردی ہو گی؟

جواب نمبر 4: جنتی جنت میں نہ دھوپ دیکھے گا اور نہ سخت سردی۔

سوال نمبر 5 وہ کونسی چیزیں ہیں جو دنیا میں مردوں کیلئے حرام ہیں لیکن جنت میں حلال ہوں گی؟
جواب نمبر 5: جو چیزیں دنیا میں مردوں کے لئے حرام ہے لیکن جنت میں حلال ہوں گی وہ سونا اور ریشم ہیں۔

# سورۃ المرسلت



## سوال / جواب

سوال نمبر 1 اس سورت میں یہ آیتِ مبارکہ "وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ" کتنی بار آئی ہے اور اس کا ترجمہ کیا ہے؟

جواب نمبر 1 اس سورت میں یہ آیت دس مرتبہ آئی ہے اور اسکا ترجمہ یہ ہے کہ "اس دن جھٹلانے والوں کیلیئے خرابی ہے"۔

سوال نمبر 2 سورہ مرسلات کی آیت 08 تا 10 میں قیامت کی کتنی اور کون کون سی علامات بیان ہوئی ہیں؟

جواب نمبر 2 سورہ مرسلات کی آیت 08 تا 10 میں قیامت کی تین علامات بیان ہوئی ہیں
1. جب تارے مٹا دیئے جائیں گے 2. جب آسمان پھاڑ دیئے جائیں گے 3. جب پہاڑ غبار بنا کر اڑا دیئے جائیں گے۔

سوال نمبر 3 زمین ہمارے لئے کس طرح نعمت ہے؟ سورہ مرسلات کی روشنی میں بتایئے۔

جواب نمبر 3 زمین ہمارے لئے اس طرح نعمت ہے کہ زمین پر اونچے اونچے مضبوط پہاڑ بنائے گئے اور زمین پر میٹھے پانی کی نہریں جاری کی گئیں۔

سوال نمبر 4 متقین کو ان کے نیک اعمال کا کیا صلہ دیا جائے گا؟

جواب نمبر 4 متقی لوگ سائے اور چشموں میں ہوں گے اور جو چاہیں گے کھائیں گے پئیں گے۔

سوال نمبر 5 جہنم کا دھواں کیسا ہو گا؟

جواب نمبر 5 جہنم کا دھواں اونچا ہو گا اور تین شاخوں پر مشتمل ہو گا پہلی شاخ کفار کے سروں پر دوسری شاخ کفار کے دائیں طرف اور تیسری شاخ کفار کے بائیں طرف ہو گی۔